متحدہ عرب امارات میں ہندوستانی کمیونٹی کی تقریب– اہلا مودی میں وزیر اعظم کی بات چیت

13 فروری، 2024

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے متحدہ عرب امارات میں ہندوستانی کمیونٹی کی طرف سے منعقد کردہ 'اہلا مودی' سے خطاب کیا، اس تقریب کا انعقاد متحدہ عرب امارات میں مقیم ہندوستانی کمیونٹی کی طرف سے کیا گیا تھا۔ اس تقریب میں 7 امارات سے ہندوستانی تارکین وطن نے شرکت کی اور اس میں تمام کمیونٹیز کے ہندوستانی شامل تھے۔ سامعین میں امارات کے لوگ بھی شامل تھے۔

2۔ . ابوظہبی کے زید اسپورٹس سٹی اسٹیڈیم میں داخل ہوتے ہی وزیر اعظم کا 40000 سے زائد وہاں موجود لوگوں نے گرمجوشی سے استقبال کیا۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں وزیر اعظم نے ہندوستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں ہندوستانی تارکین وطن کے باہمی تعاون پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے خاص طور پر کووِڈ کے مشکل وقت میں کی جانے والی خصوصی دیکھ بھال کا ذکر کیا جب ہندوستانی تارکین وطن کو ہر ممکن مدد فراہم کی گئی۔ وزیر اعظم نے گزشتہ 10 برسوں میں ملک کی طرف سے حاصل کردہ ترقی کے بارے میں اپنے ویژن کو بھی شیئر کیا اور اس اعتماد کا اظہار کیا کہ ہندوستان 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک - وکست بھارت بننے کے راہ پر 2030 تک تیسری سب سے بڑی معیشت بن جائے گا۔ انہوں نے ہندوستان کے ایک "وشوا بندھو" ہونے اور عالمی ترقی اور فلاح و بہبود میں اپنا کردار ادا کرنے پر بھی روشنی ڈالی۔

3۔ متحدہ عرب امارات تقریباً 3.5 ملین ہندوستانی شہریوں کا گھر ہے جو اسے دنیا میں کہیں بھی ہندوستانی شہریوں کی سب سے بڑی آبادی بناتا ہے۔ تقریب کو واقعی یادگار بنانے کے لیے "اہلا مودی" کی تیاریاں کئی ماہ سے جاری تھیں۔

ابو ظہبی

13 فروری، 2024